© rasailojaraid.com


تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے
کتابیں مرکزی دفتر وفاق میں ارسال فرمائیں

## عمدۃ البیان فی تفسیر القرآن المعروف ''تفسیر مدنی''

مفسر: مولانا ابوطاہر محمد اسحاق مدنی مدظلہم۔ ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔
فون نمبر 0301-3019928

عمدۃ البیان فی تفسیر القرآن المعروف ''تفسیر مدنی'' آزاد کشمیر کے معروف عالم دین، شیخ التفسیر حضرت مولانا ابوطاہر محمد اسحاق خان صاحب المدنی دامت برکاتہم کے قلم گہربار کا نتیجہ ہے، زیر تبصرہ تفسیر کی پانچویں جلد ہے، اس سے قبل چار جلدیں منظر عام پر آ کر داد وتحسین وصول کر چکی ہیں۔

اکابر اہل علم کے علمی کارناموں پر ہم جیسوں کا تبصرہ ایک جسارت ہی کہلائے گی۔ بہرحال اس بات میں کوئی شک نہیں کہ قرآن مجید کے علوم ومعارف کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ جب بھی کوئی مصنف اور عالم تفسیر کے حوالے سے قلم اٹھائے گا، ضرور نئے سے نئے قرآنی مضامین کو اچھوتے اسلوب سے متعارف کرائے گا۔ تفسیر مدنی بھی چند منفرد خصوصیات کی حامل ہے، مثلاً:

(۱)......آیات کے ترجمے میں اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ قرآن حکیم میں پائے جانے والے ہر لفظ اور ہر ترکیب واسلوب کا بقدر امکان اظہار ہو سکے۔

(۲)......ترجمہ وتفسیر میں بنیادی عقائد خصوصاً عقیدۂ توحید کی توضیح وتشریح کی طرف توجہ زیادہ مبذول رکھی گئی ہے۔

(۳)......تفسیر میں گمراہ لوگوں کی تلبیسات وتحریفات کی نشان دہی اور ان کی تردید پر بھی خاص توجہ دی گئی ہے، تاکہ راہِ حق پوری طرح واضح رہے۔

(۴)......معاشرتی برائیوں کی اصلاح اور صالح معاشرے کے قیام کے لئے حقیقی بنیادوں پر کام کی نشان دہی کا بھی التزام کیا گیا ہے۔

(۵)......تفسیری روایات کے اخذ وانتخاب میں صحت واستناد کا بھی بطور خاص خیال رکھا گیا ہے۔

(۶)......شان نزول کے سلسلہ میں اس اسلوب کو اپنایا گیا ہے جس سے یہ غلط فہمی دور ہو سکے کہ ارشاد ربانی کا تعلق


© rasailojaraid.com